# 01-06-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

۱۔ چیف الکٹورل آفیسر وکاس راج نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کیلئے وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔

۲۔ یوم تاسیس تلنگانہ کی تقاریب کو بڑے پیمانہ پر منانے کے لئے حکومت کی جانب سے وسیع تر انتظامات کئے جائیں گے۔

۳۔ بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے نے مطالبہ کیا کہ ریاست کے فون ٹیپنگ معاملہ کی سی بی آئی کے ذریعہ جانچ کروائی جائے۔

اور

۴۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ پانچ دنوں کے دوران ریاست کے بیشتر اضلاع میں اوسط تا شدید بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کیلئے وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔ چیف الکٹورل آفیسر وکاس راج نے حیدرآباد میں میڈیا کو بتایا کہ ریاست کے 34 مقامات پر سخت سیکوریٹی کے درمیان ووٹوں کی گنتی کے لئے انتظامات کئے گئے ہیں۔ تقریبا دس ہزار کاونٹنگ اسٹاف کی خدمات حاصل کی جائیں گی جبکہ مرکزی مسلح فورسس کی 12 کمپنیوں کو تعینات کیا جائے گا اور تمام گنتی کے مراکز پر تین سطحی سیکوریٹی فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ 4 جون کو صبح 8 بجے پوسٹل بیالٹس کی گنتی کی جائے گی۔ ریاست بھر میں رائے شماری کے لئے 276 ٹیبلس کا انتظام کیا جائے گا۔

انہوں نے کہا کہ اسمبلی واری بنیادوں پر رائے شماری کی جائے گی۔ پوسٹل بیالٹس اور ای وی ایمس کے لئے علحدہ علحدہ ٹیبلس کا انتظام کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تقریبا دو لاکھ 17 ہزار پوسٹل بیالٹس اور ڈیجیٹل ووٹ تا حال حاصل ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رائے شماری کا عمل 18 تا 24 راونڈس میں مکمل کیا جائے گا۔ چیپہ ڈنڈی، یاقوت پورہ اور دیورکنڈہ میں گنتی کے 24 راونڈ ہوں گے۔ آرمور، بھدراچلم اور اشواراو پیٹ میں گنتی کے 13 راونڈ ہوں گے۔ سی ای او نے اس یقین کا اظہار کیا کہ چار بجے شام تک ووٹوں کی گنتی کا عمل مکمل کرلیا جائے گا اور رسمی کارروائی کیلئے دو تا تین گھنٹے درکار ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ تقریبا 2400 مائیکرو آبزرورس کو مقرر کیا گیا ہے تاکہ ریاست میں ووٹوں کی گنتی کی جائے۔ اسی دوران محبوب نگر ادارہ جات مقامی کے ایم ایل سی حلقہ کے ووٹوں کی گنتی کل ہوگی اور نلگنڈہ حلقہ گریجویٹ کے ووٹوں کی گنتی اس ماہ کی 5 تاریخ کو کی جائے گی۔

☆☆☆

یوم تاسیس تلنگانہ کی تقاریب کو بڑے پیمانہ پر منانے کے لئے حکومت کی جانب سے وسیع تر انتظامات کئے جائیں گے۔ چیف سکریٹری شانتی کماری، نے ڈی جی پی روی گپتا کے ساتھ انتظامات کا جائزہ لیا۔ ان تقاریب کیلئے دو ہزار ملازمین پولیس کا بندوبست کیا جائے گا۔ کل صبح وزیر اعلی ریونت ریڈی گن پارک پر تلنگانہ کے شہدا کی یادگار پر پھول نچھاور کرتے ہوئے ان کو خراج پیش کرتے ہوئے ان تقاریب کا آغاز کریں گے۔ بعد ازاں پریڈ گراونڈس سکندرآباد میں ہونے والے پروگرام میں وزیر اعلی ریونت ریڈی شرکت کریں گے۔ شام میں شہر کے ٹینک بنڈ پر لیزشو، فوڈ گیمنگ اسٹالس کے بشمول بعض تہذیبی پروگراموں کا انتظام کیا جائے گا۔ ریاست کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے فنکاروں کے گروپس اس میں حصہ لیں گے۔ اصل اسٹیج پر شاستریہ سنگیت، دکنی تہذیب کو اجاگر کرنے والے پروگرام منعقد کئے جائیں گے۔ جیہ جیہ ہو تلنگانہ پر قومی جھنڈا کے ساتھ مارچ پاسٹ اور آتشبازی، لیزرشو کا انتظام کیا جائے گا۔

☆☆☆

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ تلنگانہ کی تشکیل کی تقاریب کو سیاسی تنقید کا پلیٹ فارم نہیں ہونا چاہئے۔ انہوں نے تمام جماعتوں سے خواہش کی کہ وہ ان تقاریب کو بڑے پیمانے پر منائیں۔ وزیر موصوف نے پریڈ گراونڈ سکندرآباد میں کل ہونے والی اصل تقریب کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی تشکیل میں بی جے پی لیڈر سشما سوراج کے رول کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ کل ہونے والی سرکاری تقریب میں سابق وزیر اعلیٰ چندرشیکھر راؤ کو بھی مدعو کیا گیا ہے۔

☆☆☆

پداپلی کے کلکٹر مزمل خان نے کہا ہے کہ خریف کے موسم کے لئے ضرورت کے لحاظ سے بیج دستیاب ہیں۔ کسانوں کو چاہئے کہ وہ اس سلسلہ میں پریشان نہ ہوں۔ کیونکہ ڈیلرس کے پاس ہر قسم کے بیج کا ذخیرہ موجود ہے۔ انہوں نے راما گنڈم پولیس کمشنر ایم سرینواس کے ساتھ میڈیا کو بیجوں کی دستیابی کی تفصیلات سے واقف کروایا۔ انہوں نے کہا کہ ہر فصل کے لئے ضرورت سے 50 فیصد زائد بیج دستیاب ہیں۔

☆☆☆

بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ بنڈی سنجے نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو مکتوب روانہ کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ریاست کے فون ٹیپنگ معاملہ کی سی بی آئی کے ذریعہ جانچ کروائی جائے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ پیشرو بی آر ایس کے دور میں ریاست میں سی بی آئی پر پابندی عائد کردی گئی تھی، جس کو منسوخ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعلیٰ چندر شیکھر راؤ اور ان کے فرزند سابق وزیر کے ٹی راما راؤ پر فون ٹیپنگ کرنے کا الزام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان دونوں کو موجودہ حکومت کی جانب سے نوٹس نہ دینے سے شکوک پیدا ہو رہے ہیں۔

☆☆☆

ریاست تلنگانہ کے بعض مقامات پر بارش ہو رہی ہے جبکہ بعض مقامات پر گرمی کی لہر دیکھی جارہی ہے۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کہا کہ ریاست کے کئی حصوں میں اس ماہ کی 6 تاریخ تک بارش ہوگی۔ نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاؤں، محبوب نگر، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال میں بارش کے سلسلہ میں ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ عادل آباد، منچریال، نرمل، بھدرادری کوتہ گوڑم اور کھمم اضلاع میں ژالہ باری کے ساتھ بارش ہوگی۔

☆☆☆

گورنر سی پی رادھا کرشنن سے راج بھون میں آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے ملاقات کی اور یوم تاسیس تلنگانہ کی اصل تقریب میں شرکت کے لئے انہیں مدعو کیا۔ یہ تقریب کل صبح سکندرآباد کے پریڈ گراونڈ میں منعقد کی جائے گی۔ 2 جون کو پریڈ گراونڈ میں قومی جھنڈا لہرایا جائے گا اور مختلف پروگرامس منعقد کئے جائیں گے۔ شام میں ٹینک بنڈ پر جشن کا اہتمام کیا جائے گا۔

☆☆☆

راجنا سرسلہ ضلع کے ایس پی اکھل مہاجن نے کہا ہے کہ راجنا سرسلہ ضلع میں نقلی بیجوں کی غیر قانونی منتقلی اور فروخت کو روکنے کے لئے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ انہوں نے سرسلہ ٹاون میں بیجوں کی دوکانوں کا اچانک معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ نقلی بیجوں کی اسمگلنگ اور فروخت کو روکنے کے لئے پولیس، زراعت کے عہدیداروں پر مشتمل خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں۔ ضلع بھر میں معائنے کئے جارہے ہیں۔ غیر قانونی سرگرمیوں پر قانون کے مطابق سخت کارروائی کرنے کا انہوں نے انتباہ دیا۔

☆☆☆

نلگنڈہ ضلع کے دامرچرلہ میں تھرمل پاور پراجکٹ میں لیپ کی تعمیر کے سامان کی چوری کے معاملہ میں 11 رکنی ٹولی کو واڈاپلی پولیس نے گرفتار کرلیا۔ ان کے پاس سے ایک کروڑ 49 لاکھ روپے مالیت کے مسروقہ چار جی آئی بنڈل، 58 لاکھ روپے نقد رقم، 20 لاکھ روپے مالیت کی ایک کار، دو موٹر بائیک، ایک آٹو کو ضبط کرلیا۔ نلگنڈہ ضلع کے مریال گوڑہ، ڈامور چرلہ علاقہ کے علاوہ اتر پردیش سے تعلق رکھنے والے افراد نے مل کر گزشتہ سال پاور پراجکٹ کی تعمیر کے لئے لائے گئے قیمتی سامان کی چوری کی تھی۔ نلگنڈہ کی ضلع ایس پی چندنا دیپتی نے یہ بات بتائی۔

☆☆☆

گروپ ون پلیمنری امتحان کے لئے تلنگانہ پبلک سروس کمیشن کی جانب سے انتظامات کئے گئے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہال ٹکٹس سرکاری ویب سائٹ tspsc.gov.in پر دستیاب کروائے گئے ہیں۔ امیدوار ہال ٹکٹ ڈاون لوڈ کرسکتے ہیں۔ اس ماہ کی 9 تاریخ کو پلیمنری امتحان 10:30 بجے دن تا دوپہر ایک بجے منعقد کیا جائے گا۔ گروپ ون پلیمنری کے لئے تقریباً 4 لاکھ 3 ہزار درخواستیں داخل کی گئی ہیں۔

☆☆☆

سابق ریاستی وزیر وبی آر ایس کے کارگذار صدر تارک راما راو نے الزام لگایا ہے کہ ریاست میں کانگریس کے برسر اقتدار آنے کے بعد برقی کی کٹوتی معمول کا عمل بن گئی۔ انہوں نے کہا کہ ریونت ریڈی حکومت برقی کے شعبہ میں بی آر ایس کی جانب سے تیار کردہ انفرااسٹرکچر کو سنبھالنے میں نااہل ثابت ہوئی ہے۔ انہوں نے ریاست میں برقی کی کٹوتی پر ایک ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا کہ پیشرو حکومت کی جانب سے 24 گھنٹے معیاری برقی کی سربراہی کے سبب حیدرآباد کی ترقی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقفہ وقفہ سے برقی کٹوتی سے عوام اور صنعتیں متاثر ہورہی ہیں۔